# سندھ ایکٹ نمبر IX مجریہ ۱۹۹٦

# SINDH ACT NO.IX OF 1996

# سندھ بلدیاتی حکومت (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۶

# THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ACT, 1996

## (CONTENTS) فہرست


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of Section 3 of Sindh Ordinance No.XII of 1979

۳۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم

Amendment of Section 10 of Sindh Ordinance No.XII of 1979

۴۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی کچھ دفعات کی ترمیم

Amendment of Certain Sections of Sindh Ordinance No.XII of 1979

۵۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۲۰کی ترمیم

Amendment of Section 20 of Sindh Ordinance No.XII of 1979

۶۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۳۸کی ترمیم

Amendment of Section 38 of Sindh Ordinance No.XII of 1979

۷۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۴۰ کی ترمیم
Amendment of Section 40 of Sindh Ordinance No.XII of 1979
۸۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۵۳ کی ترمیم
Amendment of Section 53 of Sindh Ordinance No.XII of 1979
۹۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ٦۰کی ترمیم
Amendment of Section 60 of Sindh Ordinance No.XII of 1979
۱۰۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۸۱کی ترمیم
Amendment of Section 81 of Sindh Ordinance No.XII of 1979
۱۱۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۹٦ کی ترمیم
Amendment of Section 96 of Sindh Ordinance No.XII of 1979
۱۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۱۰۵کی ترمیم
Amendment of Section 105 of Sindh Ordinance No.XII of 1979
۱۳۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کے شیڈولز کی ترمیم
Amendment of Schedules of Sindh Ordinance No.XII of 1979
۱۴۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کے شیڈول II کی ترمیم
Amendment of Schedule II of Sindh Ordinance No.XII of 1979
۱۵۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کے شیڈول V کی ترمیم
Amendment of Schedule V of Sindh Ordinance No.XII of 1979

# سندھ ایکٹ نمبر IX مجریہ ۱۹۹۶

# SINDH ACT NO.IX OF 1996

## سندھ بلدیاتی حکومت (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۶

## THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ACT, 1996

[۲۴ اپریل ۱۹۹۶]

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ بلدیاتی حکومت (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۶ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of Section 3 of Sindh Ordinance No.XII of 1979

۲۔ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۳ میں:

(i) شق (۱۴) کے لیئے، مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

(۱۴) "کنٹرولنگ اتھارٹی" مطلب مندرجہ ذیل صورت میں:

(a) ڈسٹرکٹ میونسپل کارپوریشن کے علاوہ کارپوریشن، حکومت؛

(b) ضلعہ میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی

یا ضلعہ کاؤنسل، کمشنر؛
(c) ٹاؤن کمیٹی یا ایک یونین کاؤنسل، ڈپٹی کمشنر؛
(14-A) "کارپوریشن" مطلب میٹرو پولیٹن کارپوریشن، ضلعہ میونسپل کارپوریشن یا میونسپل کارپوریشن۔"۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم

Amendment of Section 10 of Sindh Ordinance No.XII of 1979

(ii) شق (۱۹) کے بعد، مندرجہ ذیل طریقے سے اضافہ کیا جائے گا:
"(۲۰) "ضلعہ میونسپل کارپوریشن" مطلب آرڈیننس کے تحت ایک شہر میں بنائی گئی ضلعہ میونسپل کارپوریشن۔"۔
۳۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۱۰ میں:
(a) ذیلی دفعہ (۱) کی شق (a) کی ذیلی شق (iii) میں، شرطیہ بیان کے لیئے مندرجہ ذیل شرطیہ بیان کا اضافہ کیا جائے گا:
"بشرطیکہ کراچی شہر میں اور کسی دوسرے شہر میں جو حکومت کی طرف سے بیان کیا گیا ہو، وہاں میٹروپولیٹن کارپوریشن ہوگی اور ہر ضلعہ کے لیئے ایک ضلعہ میونسپل کارپوریشن ہوگی۔"۔
(b) ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ "ضلعہ کاؤنسل" کے لیئے الفاظ "میٹروپولیٹن کارپوریشن یا ضلعہ کاؤنسل" کو متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی کچھ دفعات کی ترمیم

Amendment of Certain Sections of Sindh Ordinance No.XII of 1979

۴۔ دفعہ ۱۹، ۲۱، ۴۱، ۴۹، ۵۳، ۵۵، ۵۶، ۷۲، ۷۳، ۷۴، ۷۷، ۹۲، ۹۳ اور ۹۴ میں لفظ "حکومت" کو الفاظ "کنٹرولنگ اتھارٹی" سے متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۲۰کی ترمیم

Amendment of Section 20 of Sindh Ordinance

۵۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۲۰ میں، ذیلی دفعہ (۱) کے لیئے، مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:
"(۱) کوئی بھی شخص ایک ہی وقت ایک سے زائد

| | |
|---|---|
| No.XII of 1979 | کاؤنسلوں یا اسی کاؤنسل کی ایک سے زائد الیکٹورل یونٹ کا میمبر نہیں ہوگا، وہ ہی ضلعہ میونسپل کارپوریشن کے میمبر پر اس کے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے میمبر ہونے پر نافذ نہیں ہوگا۔" |
| ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۳۸کی ترمیم<br>Amendment of Section 38 of Sindh Ordinance No.XII of 1979 | ٦۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۲٦ میں، ذیلی دفعہ (۲) کے بعد مندرجہ ذیل نئی ذیلی دفعہ شامل کی جائے گی:<br>"(۳) ضلعہ میونسپل کارپوریشن کا میئر یا ڈپٹی میئر میٹروپولیٹن کارپوریشن کامیئر یا ڈپٹی میئر ہونے پر عہدہ نہیں رکھ سکیں گے۔"۔<br>۷۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۳۸ میں:<br>(i) موجود شرطیہ بیان سے پہلے، مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:<br>"بشرطیکہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے میمبر ہر ضلعہ میونسپل کارپوریشن کی طرف سے اس کے میمبروں میں سے سینیٹ کے انتخابات کی طرح متناسب نمائندگی کی بنیاد پر منتخب کیئے جائیں گے۔ |
| ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۴۰ کی ترمیم<br>Amendment of Section 40 of Sindh Ordinance No.XII of 1979 | (ii) موجود شرطیہ بیان میں لفظ "بشرطیکہ" اور لفظ "کہ" درمیاں لفظ "مزید" کو شامل کیا جائے گا۔<br>۸۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۴۰ کی ذیلی دفعہ (۱) میں:<br>(a) لفظ اور کاما "کارپوریشن،" اور الفاظ "میونسپل کمیٹی" کے درمیاں الفاظ اور کاما "ضلعہ میونسپل کارپوریشن،" کو شامل کیا جائے گا۔<br>(b) شرطیہ بیان کے لیئے، مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:<br>"بشرطیکہ کوئی بھی کارپوریشن ایسے کام نہیں کرے گی جو قانون کے تحت قائم کردہ ڈولپمنٹ اتھارٹی کو ایسی کارپوریشن کی حدود میں کرنے کے لیئے سونپے گئے ہوں، جب تک ڈولپمنٹ اتھارٹی کو تحلیل نہیں کیا جاتا۔ |
| ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۵۳ کی ترمیم<br>Amendment of | بشرطیکہ مزید یہ کہ حکومت کسی بھی وقت پر |

| | |
|---|---|
| Section 53 of Sindh Ordinance No.XII of 1979 | میٹروپولیٹن کارپوریشن سے کسی ضلعہ میونسپل کارپوریشن کے کام ایسی شرائط کے تحت کروا سکتی ہے، جیسے حکومت بیان کرے۔"۔<br>۹۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۵۳ کی ذیلی دفعہ (۴) میں، الفاظ "اس کے خلاف" کے بعد الفاظ "حکومت کی طرف" کو شامل کیا جائے گا۔ |
| ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ٦۰کی ترمیم<br>Amendment of Section 60 of Sindh Ordinance No.XII of 1979 | ۱۰۔ (۱) مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ٦۰ میں:<br>(a) ذیلی دفعہ (۱) کے شرطیہ بیان میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان کو شامل کیا جائے گا:<br>"بشرطیکہ مزید یہ کہ جہاں ٹیکس، ٹول یا فیس دونوں میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ضلعہ میونسپل کارپوریشن کی طرف سے لاگو کئے جا سکتے ہیں وہاں ضلعہ میونسپل کارپوریشن ایسی ٹیکس ٹول لاگو کرے گی علاوہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی منظوری کے؛<br>بشرطیکہ یہ بھی کہ حکومت اپنے شرائط کے مطابق میٹروپولیٹن کارپوریشن کو وہ ٹیکس، ریٹس، ٹول اور فیز لاگو کرنے کی ہدایت دے سکتی ہے جو ضلع میونسپل کارپوریشن لاگو کر سکتی ہے۔ "<br>(b) ذیلی دفعہ (۱) کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گا:<br>"(۲) میٹروپولیٹن کارپوریشن اپنی وصول کردہ ٹیکسز، ریٹس، ٹول یا فیس کا حصہ ضلعہ میونسپل کارپوریشنز کو ایسے تناسب سے دی گی جیسے حکومت کی طرف سے طے کیا گیا ہو۔"۔ |
| ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۸۱کی ترمیم<br>Amendment of Section 81 of Sindh Ordinance No.XII of 1979 | ۱۱۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۸۱ کی ذیلی دفعہ (۱) میں:<br>(i) مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا: |

"بشرطیکہ کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن اور کراچی ضلعہ میونسپل کارپوریشنز کے ملازمین کے لیئے ملازمتی ڈھانچہ بنایا جائے گا جس کو یونیفائیڈ میونسپل سروس کہا جائے گا، جو کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں حکومت کی طرف سے بنائی گئی سروس بورڈ کی طرف سے بیان کردہ طریقیکار کے تحت چلائی جائے گی، جس میں ضلعہ میونسپل کارپوریشن کی خاصی نمائندگی ہوگی۔"

(ii) موجود شرطیہ بیان میں، لفظ "بشرطیکہ" اور لفظ "کہ" کے درمیاں لفظ "مزید" کو شامل کیا جائے گا۔

سندھ ۱۹۷۹ کے آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۹٦ کی ترمیم

Amendment of Section 96 of Sindh Ordinance No.XII of 1979

۱۲۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۹٦ کے لیئے مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

"**۹٦ اختیارات کی منتقلی۔** کنٹرولنگ اتھارٹی اس باب کے تحت اپنے اختیارات میں سے کوئی بھی اختیارات کسی بھی شخص کو منتقل کر سکتی ہے۔"

سندھ ۱۹۷۹ کے آرڈیننس نمبر XII کی دفعہ ۱۰۵کی ترمیم

Amendment of Section 105 of Sindh Ordinance No.XII of 1979

۱۳۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۰۵ کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:

"**105-A۔ کنٹرولنگ اتھارٹی کو ہدایت دینے کے حکومت کے اختیارات۔** علاوہ اس کہ جہاں حکومت کنٹرولنگ اتھارٹی ہے، اگر حکومت کے خیال میں کنٹرولنگ اتھارٹی کی طرف سے کچھ قانون کے خلاف کیا گیا ہے یا کرنے کا ارادہ کیا گیا ہے یا عوامی مفاد کے خلاف ہے، حکومت حکم کے ذریعے کنٹرولنگ اتھارٹی کی طرف سے کسی حکم پر عمل ملتوی کر سکتی ہے، کچھ کرنے سے منع کر سکتی ہے اور کنٹرولنگ اتھارٹی کو ایسا قدم اٹھانے کے لیئے کہہ سکتی ہے، جیسے بیان کیا گیا ہو۔

سندھ ۱۹۷۹ کے آرڈیننس نمبر XII کے شیڈولز کی ترمیم

Amendment of Schedules of

**105-B۔ یوٹیلٹی بورڈ۔** (۱) حکومت یوٹیلٹی بورڈس بنا سکتی ہے، جو چیئرمین اور ایسے سرکاری اور غیر سرکاری میمبرس پر مشتمل ہوں گے، جس میں پبلک یوٹیلٹی سروس کی خدمات سرانجام دینے والے نمائندے بھی شامل ہوں گے، جیسے اس کے طرف

| | |
|---|---|
| Sindh Ordinance No.XII of 1979 | سے مقرر کیئے جائیں، ایسے علاقوں میں جیسے بیان کیا گیا ہو۔<br>**وضاحت:** اس دفعہ کے مقصد کے لیئے، اصطلاح "پبلک یوٹیلٹی سروس" میں شامل ہے عوام کو بجلی، گیس یا پانی کی فراہمی اور عوام کی ضرورت اور صحت اور صفائی کا نظام۔"<br>۱۴۔ شیڈول I میں:<br>(۱)نمبر ۱ کے سامنے اندراج کے لیئے، مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا: |

| | |
|---|---|
| "۱۔ کراچی میٹرو پولیٹن کارپوریشن | ۹۰ میمبر۔<br>(میئر، ڈپٹی میئر اور ۱۳ میمبر جنرل سیٹوں پر منتخب شدہ، ۳ میمبر اسپیشل سیٹوں پر، کسان/ورکرس، عورتوں اور اقلیتوں کے لیئے ہر ایک کے لیئے ایک میمبر، ہر ایک ضلعہ میونسپل کارپوریشن میں سے) |
| 1.A- ضلعہ میونسپل کارپوریشنز" | ہر ضلعہ میونسپل کارپوریشن کے لیئے میمبروں کی ایسی تعداد جیسے حکومت کی طرف سے طے کی جائے۔ |

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کے شیڈول II کی ترمیم
Amendment of Schedule II of Sindh Ordinance No.XII of 1979

(ii)شمار نمبر ۲ کے سامنے اندراج میں، الفاظ "کارپوریشنز اور میونسپل کمیٹیز" کے درمیاں لفظ "ضلعہ میونسپل کارپوریشن کے علاوہ" شامل کیئے جائیں گے۔

۱۵۔ مذکورہ آرڈیننس میں، شیڈول II کے لیئے، مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

**حصہ -I**

**"کام جو میٹروپولیٹن کارپوریشن کی طرف سے ہی خاص طور پر کیئے جائیں گے"**

۱۔ ضلعہ کی روڈوں، برجز، اسٹریٹ لائیٹس اور برساتی نالوں کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت۔

۲۔ اسپیشل ڈولپمنٹ پروگرام

۳۔ ضلعہ کے اندر سارے ترقیاتی/مرمتی کاموں کی کوآرڈینیشن، مانیٹرنگ اور سپرویزن
۴۔ حکومت کی طرف سے بیان کردہ کوس گھروں اور کیٹل کالونیز کی مرمت
۵۔ میڈیکل کالیج اور ٹیچنگ/اسپیشلائیزڈ ہاسپیٹلس جیسا کہ کراچی میڈیکل اور ڈینٹل کالیج، عباسی شہید ہسپتال، سوبھراج میٹرنٹی ہوم، سرفراز شہید ہسپتال، اسپینسرس آئی ہاسپیٹل
٦۔ لپروسی ہسپتال اور ایسے دیگر ادارے جیسے حکومت کی طرف سے بیان کیئے گئے ہوں
۷۔ زولاجیکل گارڈنس، سفاری پارک، اکویریم، اسپورٹس کامپلیکس اور بیچز
۸۔ آرٹ گیلری، میوزیم اور میٹروپولیٹن لائبریری
۹۔ میونسپل واچ اینڈ وارڈ
۱۰۔ فائر فائیٹنگ سروس
۱۱۔ سول ڈفینس
۱۲۔ ٹریفک انجنیئرنگ
۱۳۔ دودھ کی فراہمی کی اسکیمیں
۱۴۔ لینڈ کنٹرول/حددخلیاں ہٹانا
۱۵۔ سولڈ ویسٹ مینیجمنٹ
١٦۔ قومی دن منانا
۱۷۔ بیرونی معززین/مہمان خصوصی کا استقبال
۱۸۔ کوئی دوسرا فنکشن جو حکومت سونپے

**حصہ -I**

**کام جو ضلعہ میونسپل کارپوریشنز کی طرف سے ہی کیئے جائیں گے**

میونسپل کمیٹیوں کے سارے کام علاوہ ان کے جو حصہ -I میں ہیں

١٦۔ مذکورہ آرڈیننس کے شیڈول V میں:

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر XII کے شیڈول V کی ترمیم
Amendment of Schedule V of Sindh Ordinance No.XII of 1979

(a) حصہ -I کے لیئے مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

**حصہ -I**

**ٹیکس، ریٹس، ٹولس اور فیس جو میٹروپولیٹن**

**کارپوریشن کی طرف سے وصول کیئے جائیں گے**

۱۔ کراچی میٹروپولیٹن ایریا میں چیزوں کی امپورٹ، استعمال یا فروخت پر ٹیکس

۲۔ فائر ٹیکس

۳۔ کنزرونسی ٹیکس

۴۔ ڈرینیج ٹیکس

۵۔ جانور ذبح کرنے کے لیئے فیس

**حصہ I-A**

**ضلعہ میونسپل کارپوریشنز کی طرف سے لاگو ہونے والی ٹیکسز، ریٹس، ٹرولس اور فیس**

میونسپل کمیٹیوں کی طرف سے اس آرڈیننس کے تحت لاگو ہونے والے ساری ٹیکسز علاوہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی طرف سے لاگو کردہ اور وصول کردہ ٹیکسز کے۔

(b) حصہ -II کے عنوان، کے لیئے مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

**''میونسپل کمیٹیز اور ٹاؤن کمیٹیز اور کارپوریشن کی طرف سے لاگو کی جانے والی ٹیکسز، ریٹس، ٹولس اور فیس علاوہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے۔''**

۱۷۔ جب تک کچھ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ کے متضاد نہ ہو:

(a) ضلعہ میونسپل کارپوریشنز کے لیئے الیکٹورل یونٹس حکومت کی طرف سے بیان کیئے جائیں گے؛

(b) سندھ بلدیاتی حکومت (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹٦ کے نافذ ہونے سے فوری پہلے کام کرنے والی میٹروپولیٹن کارپوریشن کام جاری رکھے گی جب تک کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ضلعہ میونسپل کارپوریشن تشکیل دی جائیں اور کام شروع کریں؛

(c) کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن حکومت کی منظوری سے، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ضلعہ میونیسل کارپوریشنز کے سلسلے میں

مالی سال ۹۶-۱۹۹۵ کے لیئے تخمینہ لگائی گئی آمدنی اور خرچہ کا اسٹیٹمنٹ تیار کرے گی؛

(d) حکومت اثاثے اور وسائل بشمول منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد کے میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ضلعہ میونسپل کارپوریشن میں اس طریقے اور ایسے تناسب سے تقسیم کر سکتی ہے جیسے مناسب سمجھے اور میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ضلعہ میونسپل کارپوریشن میں خدمات سرانجام دینے کے لیئے عملدار اور ملازم مقرر کر سکتی ہے۔

(e) جہاں مذکورہ ایکٹ کی گنجائشوں کے عملدرآمد کے سلسلے میں کوئی دشواری سندھ بلدیاتی حکومت (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹٦ کے نافذ ہونے کے بارہ ماہ کے اندر پیش آتی ہے، ، حکومت ایسی دشواری کو ہٹانے کے لیئے خاص ہدایات جاری کر سکتی ہے۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**